علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ پاکستانی زبانیں)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی زبانوں کا ادب (9006) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس اردو

ہدایت نامہ برائے طلبہ

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1- پنجابی ڈرامہ کا ارتقائی سفر بیان کرتے ہوئے چند اہم ڈراموں کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر 2- میاں محمد بخش کے احوال وآثار بیان کریں اور سیف الملوک کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر 3- جدید پشتو شاعری کے اہم رجحانات مثالوں کے ساتھ قلم بند کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- رحمان بابا کے افکار بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- سندھی ادب کے سومرہ دور کا احوال وضاحت سے لکھیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1- سندھی زبان کے شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کا تعارف اوران کی شاعری پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2- بلوچی شاعری کے موضوعات مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- بلوچی نثر کی اہم اصناف کے ارتقا کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- افسانہ بلوداداکا خلاصہ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- کشمیری شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ہر دور کی خصوصیات وموضوعات بیان کریں۔ (20)